# نیویارک شہر پبلک اسکولوں میں کیا ہورہا ہے

اعرض هذه الوثيقة باللغة العربية / এই নথি বা ডক্যুমেন্টটি বাংলায় দেখুন /
查看本文件的中文版 / Consultez ce document en français / Gade dokiman sa a an kreyòl ayisyen / 이 문서를 한국어로 보기 / Consulte este documento en español /
Перевод документа на русский язык / یہ دستاویز اردو میں ملاحظہ کریں

schools.nyc.gov/messagesforfamilies

## ستمبر 13-17، 2021 والا ہفتہ

ہم کلاس روم میں—اور خود موجودگی (اِن پرسن) تعلیم میں طلبا کو خوش آمدید کہتے ہوئے بہت خوش ہیں —اس ہفتے! یہ ایک پُر مسرت ہوم کمنگ تھی جب طلبا، اساتذہ، اسکول کا عملہ، اور خاندان شہر بھر کے تمام اسکولوں میں دوبارہ ملے تھے۔ ہم ایک بار پھر اپنے طلبا کو محفوظ، صحتمند، معاونتی کلاس رومز میں خدمات فراہم کرتے ہوئے بہت فخرمند ہیں جہاں وہ سماجی، جذباتی، اور تعلیمی طور پر فروغ پا سکتے ہیں۔ براہِ کرم تاریخی تعلیمی سال 2021-2022 کے بارے میں جدید ترین معلومات کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں: schools.nyc.gov/homecoming

## مندرجات:


- اہم فارمز
- COVID-19 ویکسینیشن اور ٹیسٹنگ
- COVID-19 کوارنٹین طریقِ کار اور ریموٹ تعلیم
- مدد حاصل کریں


## اہم فارمز

**صحت کی جانچ کا آلہ کار**

عمارت میں داخل ہونے سے پہلے ہر روز، ہر طالب علم اور عملے کے رکن کے لیے یہ تصدیق کرنے کے لیے صحت کی جانچ کا فارم مکمل کرنا لازمی ہے کہ وہ COVID-19 کی علامات محسوس نہیں کررہے ہیں، حال ہی میں مثبت ٹسٹ نہیں آیا ہے، اور کسی انفیکشن والے شخص سے سامنا ہونے کے نتیجے میں انہیں فی الوقت کوارنٹین کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

ہم تجویز کریں گے کہ آپ اپنی ڈیوائس پر healthscreening.schools.nyc بُک مارک کرلیں تاکہ آپ ہر روز اپنے بچے کو اسکول بھیجنے سے پہلے فارم کو مکمل کرلیں۔

**اپنے بچے کے لیے ایک جدید ٹیسٹنگ کی اجازت کا فارم جمع کروائیں**

آپکے بچے کو اسکول میں COVID ٹیسٹنگ پروگرام میں شامل کرنے کے لیے، آپکو اپنے بچے کے لیے اسکے اسکول میں **ایک جدید ٹیسٹنگ کی اجازت کا فارم جمع کروانا لازمی ہے**۔

- آپ یہ فارم اپنا نیویارک شہر اسکولز اکاؤنٹ (NYCSA) استعمال کرتے ہوئے بھی مکمل کرسکتے ہیں: schoolsaccount.nyc
- آن لائن فارم ڈاون لوڈ کریں:schools.nyc.gov/covidtesting

**نیویارک شہر اسکولز اکاؤنٹ سے رابطے میں رہیں**

محکمئہ تعلیم کی جانب سے اہم اعلانات، بشمول اسکول بند ہونے، پالیسی میں تجدید اور آپ کے ضلع میں یا شہرپیما سرگرمیوں کے انعقاد سے برمحل انداز میں باخبر رہیں! **نئے نیویارک شہر اسکولز اکاؤنٹ (NYCSA) پورٹل میں آپکے لیے اپنے طالب علم کی تعلیم سے مربوط رہنے اور مزید کا ایک نیا طریقہ ہے** ایک سائن ان آپکو موقع دے گا:

- اپنے طالب علم کے گریڈز، ٹیسٹ، اسکورز اور بہت کچھ دیکھنے کا
- پیرنٹ یونیورسٹی میں کلاسیں لینے کا
- اپنے بچے کے لیے فارمز تک رسائی کا
- اپنے بچے کا کلمہء شناخت (password) دوبارہ ترتیب دینے کا

مزید جائیں: schools.nyc.gov/nycsa

## COVID-19 ویکسینیشن اور ٹیسٹنگ

**ویکسینیشن**

ویکسین لگوانا اہم ترین قدم ہے جو آپ اپنے آپکو اور اپنے خاندان کو COVID-19 سے محفوظ رکھنے کے لیے لے سکتے ہیں، اور نیویارک کے تمام 12 سال اور زائد عمر کے افراد اب COVID-19 ویکسین لگوانے کے اہل ہیں۔ اگر آپکا کوئی بچہ ہے جو کم از کم 12 سال کا ہے اور مکمل طور پر ویکسین نہیں لگی ہے، محکمہ برائے صحت اور دماغی صحت (DOHMH) اور محکمئہ تعلیم آپکی پُرزور حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ ان کے لیے جتنی جلد ممکن ہو vaccinefinder.nyc.gov پر جاکر ویکسین لگوانے کا ایک وقت طے کریں۔ محکمئہ تعلیم ویکسینیشن کی جدید ترین معلومات کے لیے، schools.nyc.gov/covid19 پر جائیں۔

طلبا جو 12 سال اور زائد عمر کے ہیں اور زیادہ خطرے والے غیر نصابی کھیلوں اور دیگر زیادہ خطرے والی غیر نصابی سرگرمیوں میں حصہ لیتے ہیں انہیں تعلیمی سال 2021-2022 کے دوران ان سرگرمیوں میں حصہ لینے کے لیے ویکسین لگوانا لازمی ہے۔ مزید معلومات کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں: schools.nyc.gov/2021health

**ملاقاتیوں کے لیے اسکول پالیسی یاد دہانی:** تمام 12 سال اور زائد عمر کے ملاقاتیوں کو اسکول عمارت مِں داخل ہونے کے لیے COVID-19 ویکسینیشن کی کم از کم ایک خوراک کا ثبوت دکھانا لازمی ہے۔ ملاقاتیوں میں محکمئہ تعلیم کی عمارت میں اسکول میں شرکت کرنے والے طلبا شامل نہیں ہیں۔

**محکمئہ تعلیم (DOE) ویکسینیشن پورٹل**

اپنے بچے کی محکمئہ تعلیم اکاونٹ کی معلومات کو استعمال کرتے ہوئے، آپ اپنے بچے کے ویکسینیشن کارڈ یا این وائی سی ایکسلزئر پاس کی ایک تصویر محکمئہ تعلیم کے ویکسین پورٹل پر اپ لوڈ کرسکتے ہیں: vaccine.schools.nyc اس معلومات کو جمع کروانے سے نیویارک شہر کو عالمی وبا کے سدِباب کرنے اور بحالی کی کوششوں میں معاونت ملے گی اور اسے یقینی بنانے میں مدد ملے گی کہ ہماری اسکول برادریاں محفوظ اور صحتمند جگہیں رہیں.

**اسکولوں میں COVID-19 ٹیسٹنگ**

سابقہ تعلیمی سال میں متعارف کروائے گئے حفاظتی اقدامات کو جاری رکھتے ہوئے، ہم گریڈز 1 سے 12 تک بغیر ویکسینیشن والے طلبا کی باقاعدہ COVID ٹیسٹنگ انجام دیں گے۔ اس طرح، اگر کوئی مثبت کیس ہوا تو اسکول برادری کو محفوظ رکھنے کے لیے فوری اقدام لیے جاسکتے ہیں۔ آپکے بچے کو اسکول میں ٹیسٹنگ پروگرام میں شامل کرنے کے لیے، آپکو اپنے بچے کے لیے اسکے اسکول میں **ایک جدید ٹیسٹنگ کی**

**اجازت کا فارم جمع کروانا لازمی ہے۔** آپ اپنے NYCSA اکاونٹ کو استعمال کرتے ہوئے فارم مکمل کرسکتے ہیں (schoolsaccount.nyc) یا ایک فارم آن لائن schools.nyc.gov/covidtesting سے ڈاون لوڈ کرسکتے ہیں۔

## COVID-19 کوارنٹین طریقِ کار اور ریموٹ تعلیم

### اگر آپکے بچے کے اسکول میں ایک مثبت COVID-19 کیس ہوتا ہے

ہم جانتے ہیں کہ ہماری اسکولوں اور کلاس رومز کو تعلیم کے لیے کھلا رکھنا کتنا اہم ہے، اور ہم اپنی اسکول برادریوں کو صحتمند اور محفوظ رکھنے اور آپکے بچے کی تعلیم میں خلل انگیزی کو کم کرنے کے لیے عہد بستہ ہیں۔ ایسے اوقات بھی ہوسکتے ہیں جب آپکے بچے کو COVID-19 کا سامنا ہونے پر کوارنٹین کرنے کا کہا جائے۔ اگر کلاس روم میں کوئی مثبت کیس ہوتا ہے:

- **الیمنٹری اسکولز:** اگر کلاس میں تمام بچوں کو کوارنٹین کرنے کے لیے کہا جاتا ہے، انہیں کوارنٹین کے دوران ریموٹ تعلیم ملے گی (ذیل کے "ریموٹ تعلیم" جز میں مزید معلومات ملاحظہ کریں)۔

- **مڈل اور ہائی اسکولز:** وہ طلبا جو کم از کم 12 سال کے ہیں، ویکسین لگوا چکے ہیں، اور:
  - **علامات کا اظہار نہیں کررہے ہیں** وہ خود موجودگی میں (اِن پرسن) اسکول میں شرکت کرنا جاری رکھیں گے۔ ان طلبا سے سامنا ہونے کے 3 سے 5 دنوں کے بعد ایک COVID-19 ٹیسٹ کروانے کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔
  - **علامات کا اظہار کرنے والے** طلبا کو 10 کیلنڈر دنوں کے لیے کوارنٹین کرنے کو کہا جائے گا۔ ان طلبا کو کوارنٹین کے دوران ریموٹ لرننگ تک رسائی رہے گی۔
  - **بغیر ویکسینیشن** والے طلبا کو 10 دنوں کے لیے کوارنٹین کرنے کی ہدایت دی جائے گی اور وہ ریموٹلی تعلیم جاری رکھیں گے۔ اپنی کوارنٹین کے پانچویں دن، طلبا ایک COVID-19 ٹیسٹ کروا سکتے ہیں، اور ایک منفی نتیجے کے ساتھ، 7 دن کے بعد اسکول اِن پرسن شرکت کے لیے آ سکتے ہیں۔

اسکولوں کو صرف اس صورت میں بند کیا جائے گا DOHMH یہ تعین کرتا ہے کہ اسکول میں COVID-19 کا پھیلاو وسیع پیمانے پر ہے۔ صحت اور حفاظت کے طریقِ کار موجود ہونے کی وجہ سے، توقع کرتے ہیں کہ اسکولوں کا بند ہونا محدود ہوگا۔

### ریموٹ تعلیم

کسی ہنگامی صورت میں اسکول یا کلاس روم بند ہونے پر، چاہے صحت کی وجہ سے ہو یا موسم سے متعلقہ ہنگامی صورت ہو (مثلاً مثبت COVID-19 کیسز یا برف باری کا دن)، وقت کے ایک دورانیے کے لیے کلاسیں ریموٹ لرننگ میں بدل جائیں گی۔

- جب ایک پورا کلاس روم یا اسکول بند ہو، اساتذہ اسباق ریموٹلی دیں گے اور اصل وقت میں (synchronous) ہم آہنگ تدریس)۔

- کچھ صورتوں میں، کلاس روم جزوی طور پر بند ہوسکتا ہے، جس میں کلاس روم کے طلبا کے ایک ذیلی سیٹ کو کوارنٹین کرنے کے لیے کہا جائے گا اور دیگر خود موجودگی میں تعلیم حاصل کرنا جاری رکھیں گے۔
  - **وہ طلبا جو اسکول میں اِن پرسن شرکت کرنے کے اہل ہیں** وہ معمول کی، خود موجودگی میں تعلیم حاصل کرنا جاری رکھیں گے۔
  - **وہ طلبا جن سے کوارنٹین کرنا مطلوب ہے** انہیں اپنے ڈجیٹل کلاس روم میں تدریسی مواد (غیرہم آہنگ (asynchronous) تک رسائی حاصل رہے گی۔
  - **وہ طلبا جن سے کوارنٹین کرنا مطلوب ہے** وہ مخصوص کاروباری اوقات کے دوران اساتذہ کے ساتھ براہِ راست تعامل کرسکیں گے۔ طلبا سے دفتری اوقات میں شرکت کرنا **مطلوب نہیں** ہے اور وہ اپنے اساتذہ سے سوالات کے لیے رابطہ کرسکتے ہیں اگر وہ شرکت کرنے سے قاصر ہیں۔ ان دفتری اوقات کے دوران، اساتذہ انفرادی یا چھوٹے گروپ میں نجی تدریس پیش

کرسکتے ہیں، تفویضات کی جانچ کرسکتے ہیں، اور طلبا کے سوالات کے جواب دے سکتے ہیں۔

انتخابات والے دن— **منگل، 2 نومبر—** اسکول عمارتیں بند رہیں گی لیکن طلبا ریموٹ غیر ہم آہنگ تفویضات موصول کریں گے۔

## مدد حاصل کریں

### اندراج

ابھی بھی اپنے بچے کے لیے ایک الیمنٹری یا مڈل اسکول درکار ہے؟ اپنا زون اسکول schoolsearch.schools.nyc پر تلاش کریں اور اندراج کروانے کے لیے اسکول سے براہِ راست رابطہ کریں۔ ایک زون اسکول نہیں ہے؟ (گریڈز K–5 کے لیے) ESEnrollment@schools.nyc.gov پر یا MSEnrollment@schools.nyc.gov (گریڈز 6–8 کے لیے) اپنے بچے کے نام، تاریخِ پیدائش، گریڈ اور پتے کے ساتھ ای میل کریں۔

اگر آپکو ایک K-3 یا پری کنڈر گارٹن پیشکش موصول نہیں ہوئی ہے اپنے بچے کو MySchools.nyc پر پروگراموں کی منتظرین کی فہرست میں شامل کریں؛ منتظرین کی فہرستوں کی کوئی حد نہیں ہے جن میں آپ شامل ہوسکتے ہیں! اگر ایک پروگرام آپ کے بچے کو پیشکش کر سکتا ہے تو وہ آپ سے براہ راست رابطہ کریں گے۔

### لسانی رسائی

آپکو اپنے بچے کے اسکول سے اپنی زبان میں معلومات یا ابلاغ موصول کرنے کا حق ہے۔ اگر آپکو یا کسی کو جنہیں آپ جانتے ہیں کہ مدد درکار ہے، اپنے اسکول کے پرنسپل یا والدین رابطہ کار کو بتائیں، محکمئہ تعلیم کو **(718)-935-2013** پر کال کریں یا Hello@schools.nyc.gov پر ای میل کریں۔ آپ مزید معلومات اور اہم وسائل، بشمول لسانی رسائی کی رہنمائی برائے والدین، نیو یارک شہر کے پبلک اسکول آپ کی زبان بولتے ہیں پر پاسکتے ہیں: schools.nyc.gov/hello

### والدین رابطہ کار

آپکے اسکول کا رابطہ کار اسکول کے پروگراموں اور وسائل کے بارے میں مزید جاننے، اہم فارمز مکمل کرنے، اور آپکی کسی بھی تشویشات سے نمٹنے کے لیے پرنسپل کے ساتھ کام کرنے میں مدد کرسکتا ہے۔ آپ اپنے بچے کے اسکول کے بارے میں معلومات "Find a School" (ایک اسکول تلاش کریں) استعمال کر کے حاصل کرسکتے ہیں: schools.nyc.gov/find-a-school اسکول کے والدین رابطہ کار کی رابطے کی معلومات ہر اسکول کے صفحے پر عام معلومات کے نیچے دیکھی جاسکتی ہیں۔

### تکنیکی معاونت

سابقہ سال میں، محکمئہ تعلیم نے 500,000 سے زیادہ ڈجیٹل تدریسی آلے تقسیم کیے تھے اور مزید آنے والے ہیں۔ خاندانوں کو اپنے اسکولوں کے ساتھ یہ یقینی بنانے کے لیے کام کرنا چاہیئے کہ انکے بچے کے پاس وہ آلہ ہو جو اسکے لیے بہترین کام کرے۔ آلات کے بارے میں معلومات کے لیے، بشمول انکی مرمت کیسے کی جائے اور انہیں محکمئہ تعلیم کو کیسے واپس کیا جائے، براہِ کرم محکمئہ تعلیم کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں: schools.nyc.gov/DOEdevices.

محکمئہ تعلیم کے نظام میں لاگ ان کرنے کے لیے، بشمول زُوم، گوگل اور دیگر تدریسی پلیٹ فارمز، ہر طالب علم کا OneAccount4All اکاونٹ ہے: (DOE اکاونٹ): schools.nyc.gov/studentaccounts

وہ خاندان جنہیں تکنیکی معاونت درکار ہے انہیں آن لائن ایک فارم مکمل کرنا چاہیئے nycenet.edu/technicalsupportforfamily یا ہیلپ ڈیسک کو **(718) 935-5100** پر کال کریں اور انتخاب 5 منتخب کریں۔